ilmkidunya
علم کی دنیا

# Psychology - FA Part 1 Psychology Urdu Medium Chapter 5 Short Questions Test

Q1. جے آر جیرو کے خیال میں آموزش کیا ہے؟

**Ans 1:** جے آمیرو کے خیال میں آموزش کردار میں نسبتا مستقل تبدیلی کا اظہار ہے جو تجربہ اور مشق کا نتیجہ ہوتی ہے.

---

Q2. فوری بحالی کسے کہتے ہیں؟

**Ans 1:** فوری بحالی مشروطیت میں ایک ایسا مظہر ہے جس میں مشروطیت کے خاتمے کے کچھ دیر بعد خوراک کے بغیر صرف گھنٹی کی آواز کو پیش کرنے پر مشروط ردعمل واقع ہوتا ہے.

---

Q3. کلاسیکل مشروطیت کی تعریف کریں.

**Ans 1:** مشروطیت ایک ایسی آموزش ہے جس میں ایک غیر فطری مہیج کے ساتھ ملا کر کسی فرد کے سامنے ایسے پیش کیا جاتا ہے جس سے مہیج کے خواب میں وہی ردعمل پیدا ہوتا ہے جو اضطراری طور پر مہیج کے جواب میں پیدا ہوتا ہے.

---

Q4. مشروط مہیج کیا ہوتا ہے؟

**Ans 1:** ایسا غیر فطری مہیج جس سے مشروط ردعمل پیدا ہو مشروچ مہیج کہلاتا ہے.

---

Q5. عاملانہ مشروطیت سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** یہ آموزش کا ایک ایسا طریقہ ہے جو کردار کی رفتار کا اسے نتائج کی بنا پر تبدیل کرتا ہے جو ردعمل کی بنیاد پر ہوں.

---

Q6. حافظہ کی تین اقسام کے نام لکھیں.

**Ans 1:** 1.حسی حافظہ 2.قلیل المیعاد و حافظہ 3.طویل المیعاد و حافظہ

---

Q7. بازیافت کے طریقوں کی تعریف کریں.

**Ans 1:** بازیافت کے طریقے سے خازنیت کی پیمائش کی جاتی ہے آپ کسی فرد کو کچھ مواد یاد کرنے کے لیے دیتے ہیں.جب وہ اسے یاد کر لیتا ہے تو کچھ عرصے کے بعد اسے محفوظ شدہ مواد کو دوبارہ ذہن میں واپس لانے کے لیے کہتے ہیں.

---

Q8. قانون مشق کی وضاحت کریں.

**Ans 1:** قانون مشق اس اصول کی حمایت کرتا ہے کہ مشق یا تکرار مہیج اور ردعمل کے مابین تعلق پیدا کرتا ہے اور آموزش کی افزائش کا سبب بنتا ہے مشق کی مقدار جتنی زیادہ ہوگی مہیج اور ردعمل کے درمیان تعلق اتنا ہی گہرا ہوگا.

---

Q9. S-O-R کی اصطلاح مشروطیت کی کس قسم میں استعمال ہوتی ہے؟

**Ans 1:** S-o-i کی اصطلاح سلاسیکی مشروطیت میں استعمل ہوتی ہے.

Q10. سکز اور پیولو کیوں مشہور ہیں؟

**Ans 1:** سکز اور پیولو مشروطیت پر تجربات کرنے والے نفیسات دان ہیں.